01/02/2025

12.30 pm

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

بجٹ

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن آج لوک سبھا میں مالی سال 2025-26 کا مرکزی بجٹ پیش کررہی ہیں ۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ دنیا کی دیگر تمام بڑھتی معیشتوں میں بھارت کی معیشت تیز رفتار کے ساتھ آگے بڑھ رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ اس بجٹ کا مقصد سماج کے ہر طبقے کے لوگوں کو ترقی کے راستے پر گامزن کرانا ہے۔

وزیر خزانہ نے اعلان کیا کہ SC اور ST طبقے سے تعلق رکھنے والی پہلی بار کاروباری خواتین کے لئے آئندہ پانچ سالوں میں دو کروڑ روپے تک کے قرضوں کے ساتھ نئی اسکیمیں لانچ کی جائیں گی۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ تمام سرکاری سیکنڈری اسکولوں اور پرائمری صحت مراکز کو براڈ بینڈ سہولت فراہم کی جائے گی۔

انہوں نے کینسر مریضوں کے لئے راحت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ کینسر بیماری کے تعلق سے 36 ادویات کو کسٹم ڈیوٹیز سے مستثنیٰ رکھا گیا ہے ۔ وزیر خزانہ نے پانی کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لئے جل جیون مشن کے نفاذ کوسال 2028 تک جاری رکھنے کا اعلان کیا ۔

وزیر خزانہ نے کہا کہ ملک کے میڈیکل کالجوں میں دس ہزار سیٹوں کا اضافہ کیا جائے گا ۔ انہوں نے کہا کہ بارہ لاکھ تک کی آمدنی پر انکم ٹیکس نافذ نہیں ہو گا ۔

لیفٹیننٹ گورنر

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے ایمز جموں میں انڈین ایسوسی ایشن آف Palliative کیئر کی 32 ویں بین الاقوامی کانفرنس کا افتتاح کیا۔ اپنے کلیدی خطاب میں ، لیفٹیننٹ گورنر نے ماہرین پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ مہلک امراض سے لڑنے والے مریضوں کا حوصلہ بڑھانے کے لئے معیاری اور مقبول طریقہ کار کو بروئے کار لا کر ایسے مریضوں کے ساتھ انتہائی رحم دلی کے ساتھ پیش آئیں اور ان کی ضروریات کے بارے میں حساس رہیں۔

انہوں نے کہا کہ حکومت جموں کشمیر نے سال 2022میں تمام اضلاع میں 10 بستروں والے جدید ترین Palliative کئیر ادارے قائم کئے ۔ لیفٹیننٹ گورنر نے ایمز جموں میں ریڈیو تھرپی آنکولوجی اور آپریشن تھیٹر کمپلیکس کا افتتاح کیا۔

یوم تاسیس

ملک آج بھارتی کوسٹ گارڈ کا یوم تاسیس منا رہا ہے ۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اس سلسلے میں ملک کی ساحلی پٹی کی حفاظت میں فورس کی بہادری، لگن اور انتہائی چوکسی کے لئے ان کی ستائش کی۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہا کہ بحری سلامتی سے لے کر آفات کے ردعمل اور اسمگلنگ مخالف کارروائیوں سے لے کر ماحولیاتی تحفظ تک بھارتی کوسٹ گارڈ ملک کا ایک مضبوط محافظ ہے۔

کمیٹی

جموں و کشمیر قانون سازیہ کی بزنس رولز کمیٹی اگلے ہفتے مسودہ قواعد پر غور و فکر کرنے کے لئے ایک میٹنگ منعقد کرے گی تاکہ ایوان کی کاروائی قواعد و ضوابط کے ساتھ ساتھ منظم طریقے سے انجام دی جا سکے ۔

کمیٹی کی سربراہی اسمبلی اسپیکر عبد الرحیم راتھر کررہے ہیں ۔ جبکہ نیشنل کانفرنس کے مبارک گل ، سیف اللہ میر اور حسنین مسعودی بطور رکن شامل ہیں ۔ ان کے علاوہ بی جے پی کے پون کمار گپتا اور رنبیر سنگھ پٹھانیہ ، CPIM کے ایم وائی تاریگامی ، کانگریس کے نظام الدین بٹ اور آزاد رکن اسمبلی مظفر اقبال خان کمیٹی میں شامل ہیں ۔

کمیٹی کے ارکان کا اگر اکثریت کے ساتھ مسودے پر اتفاق ہوتا ہے تو اسے حتمی منظوری کیلئے لیفٹنٹ گورنر کو بھیج دیا جائے گا ۔

چیف سکریٹری

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے سول سیکرٹریٹ جموں میں ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کے دوران محکمہ خوراک ، شہری رسادات اور امور صارفین اور لیگل میٹرولوجی محکمے کی کارگزاری کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے دونوں محکموں کے افسران پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ صارفین کے حقوق کی پاسداری کو یقینی بنانے کے لئے ملازمین کی صلاحیت سازی کے لئے خصوصی پروگرام منعقد کریں ۔

انہوں نے ہدایت دی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ خطے میں تمام صارفین کے لئے معیاری مصنوعات دستیاب ہونے کے ساتھ ساتھ قابل استطاعت قیمتوں پر میسر ہو ۔

پروگرام

کپواڑہ میں ڈسٹرکٹ لیگل سروسز اتھارٹی اور تحصیل لیگل سروسز کمیٹی ہندواڑہ کے باہمی تعاون سے کام کی جگہ پر خواتین کی جنسی ہراسانی کے عنوان سے ایک آگاہی پروگرام منعقد ہوا ۔ اس پروگرام کا مقصد شرکاءکو خواتین کے حقوق ، کام کی جگہ پر ہراساں کرنے کے لئے قانونی فریم ورک اور ایسے معاملات کا ازالہ کرنے کے لئے دستیاب طریقہ کار کے بارے میں جانکاری فراہم کرنا ہے۔

ہنڈوارہ

ہنڈوارہ میں تحصیل لیگل سروسز کمیٹی نے بچہ مزدوری کے بارے میں آگاہی پروگرام کا اہتمام کیا ہے۔ اس موقعہ پر مقررین نے کہا کہ بچہ مزدوری ایک ایسا مجرمانہ عمل ہے جو کہ ان کی جسمانی اور ذہنی نشو نما میں رکاوٹ ڈال کر ان کی ترقی کو متاثر کرتی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

****